# پریس ریلیز

(Also emailed*/faxed separately)

رائے عامہ سروے

## معیشت

# پاکستان میں کاروباری اداروں کا اہم مسئلہ مہنگائی (54%) ہے جس کا ذکر سب سے زیادہ کیا گیا کہ 2022 کے آخر تک یہ مسئلہ حکومت کی جانب سے حل کیا جانا چاہیے۔

**(گیلپ پاکستان بزنس کانفیڈنس انڈیکس)،**


(اسلام آباد)، 15 نومبر، 2022

گیلپ&گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، پاکستان میں کاروباری اداروں کا اہم مسئلہ مہنگائی (54%) ہے جس کا ذکر سب سے زیادہ کیا گیا کہ 2022 کے آخر تک یہ مسئلہ حکومت کی جانب سے حل کیا جانا چاہیے۔

گیلپ بزنس کانفیڈنس سروے Q4 2022 کی مکمل رپورٹ حاصل کرنے کے لیے، براہ مہربانی یہاں کلک کریں:

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب کاروباری اداروں سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"اگر کوئی مسئلہ جو آپ کے کاروبار کو سب سے زیادہ متاثر کرتا ہے اور جس کا حل آپ حکومت سے چاہتے ہیں تو وہ مسئلہ کیا ہو گا؟"**۔ اس سوال کے جواب میں 54% جوابدہندگان کے مطابق مہنگائی ایسا مسئلہ ہے جس کو حکومت کو حل کرنا چاہیے، 12% جوابدہندگان کے مطابق اُن کو کوئی بھی ایسا مسئلہ نہیں ہے، 10% جوابدہندگان یوٹیلیٹی بلوں پر ریلیف چاہتے ہیں، 8% جوابدہندگان کے مطابق قوت خرید کو بہتر ہونا چاہئے، 6% جوابدہندگان کے مطابق پاکستانی کرنسی کی قدر میں کمی ایک ایسا مسئلہ ہے جس کو حکومت کو حل کرنا چاہیے، 6% جوابدہندگان کے مطابق سیاسی عدم استحکام، 4% جوابدہندگان کے مطابق ٹیکسز، 4% جوابدہندگان کے مطابق ٹرانسپورٹ کے مسائل، 3% جوابدہندگان حکومت سے مالی مدد چاہتے ہیں، 2% جوابدہندگان کے مطابق حکومتی پالیسی کی عدم مطابقت ایک ایسا مسئلہ ہے جس کو حکومت کو حل کرنا چاہیے، 2% جوابدہندگان کے مطابق بجلی اور گیس کی لوڈشیڈنگ، 2% جوابدہندگان کے مطابق درآمدات کے حوالے سے پالیسیوں کو بہتر بنانے کی ضرورت ہے، 1% جوابدہندگان کے مطابق برآمدات کے حوالے سے موثر پالیسیاں بنانے کی ضرورت ہے، 1% جوابدہندگان کے مطابق بدعنوانی، جبکہ 1% جوابدہندگان کے مطابق خام مال کی فراہمی کی عدم دستیابی ایسا مسئلہ ہے جس کو حکومت کو حل کرنا چاہیے۔

**" اگر کوئی مسئلہ جو آپ کے کاروبار کو سب سے زیادہ متاثر کرتا ہے اور جس کا حل آپ حکومت سے چاہتے ہیں تو وہ مسئلہ کیا ہو گا؟"**



## تقابلی جائزہ:

بزنس کانفیڈنس 2022 کی پہلی سہ ماہی کی طرح ، کاروباری اداروں کا اہم مسئلہ مہنگائی اور اشیاء کی قیمتوں کا زیادہ ہونا ہے جسے کاروباری ادارے بزنس کانفیڈنس2022 کی چوتھی سہ ماہی میں حکومت کی جانب سے حل کیے جانے کی خواہش رکھتے ہیں، Q4 2022 میں اس حوالے سے رائے رکھنے والے افراد کی شرح میں 13% کا اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔تاہم، حکومت کو ٹیکسوں میں کمی کرنی چاہیے کے حوالے سے رائے رکھنے والے کاروباری اداروں کی شرح میں 17% کی کمی آئی ہے۔2022 کے سال کے آغاز میں کم گاہک ہونا یا خریداری کی استطاعت نہ رکھنا ایک مسئلہ نہیں تھا لیکن اب 8% کاروباری ادارے اس کو ایک اہم مسئلہ سمجھتے ہیں۔

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے مینوفیکچرنگ، تجارتی اور سروسز فراہم کرنے والے شعبوں کے 754 کاروباری اداروں سے 19 ستمبر 2022 تا 14 اکتوبر 2022 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, November 15, 2022**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2022

celebrating
42
years
of Gallup Pakistan
(1980-2022)